حکومت گلگت بلتستان

محکمہ مقامی حکومت ودیہی ترقی سنٹرل ڈائریکٹوریٹ گلگت بلتستان

No.CD-Actt-2(35)/2022

Dated: the 21st July 2022

اشتہار

ہرگاہ بذریعہ اشتہار ھذا تمام خواہشمند ٹھیکداران/فرمز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مالیاتی سال 23-2022ء کے سالانہ بجٹ کے تحت سنٹرل ڈائریکٹوریٹ محکمہ مقامی حکومت ودیہی ترقی گلگت بلتستان کو مندرجہ ذیل ایٹم کی خریداری ومرمت کے لئے ٹینڈر مطلوب ہیں:۔

سیریل نمبر	تفصیل سامان/کام کی نوعیت	زرضمانت بنام سینئر ڈائریکٹر ایل جی اینڈ آرڈی ڈپارٹمنٹ گلگت بلتستان	سیریل نمبر	تفصیل سامان/کام کی نوعیت	زرضمانت بنام سینئر ڈائریکٹر ایل جی اینڈ آرڈی ڈپارٹمنٹ گلگت بلتستان
۱	مرمت گاڑیاں وموٹر سائیکل	100000	۲	فراہمی سٹیشنری سامان	50000
۳	فراہمی متفرق اشیاء	50000	۴	خریداری/مرمت فرنیچر وفکسچر	50000
۵	خریداری مشینری وکمپیوٹر	50000			

خواہشمند ٹھیکداران/فرمز اپنے مہرشدہ ٹینڈر کوٹیشن مورخہ 12 اگست 2022ء بوقت دن 11 بجے دفتر ھذا میں بمع زرضمانت بنام سینئر ڈائریکٹر ایل جی اینڈ آرڈی گلگت بلتستان پیش کریں جو کہ اسی دن بوقت دن 12:00 بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔ بل کی ادائیگی سپلائی سامان/کام مکمل ہونے پر کی جائے گی۔ ہر ایٹم کی الگ الگ NIT دفتر ھذا سے مورخہ 5 اگست 2022ء تا 11 اگست 2022ء شام 4 بجے تک دفتری اوقات میں اکاؤنٹ سکیشن سے وصول کی جاسکتی ہے۔ 11 اگست 2022ء کے بعد کوئی NIT اشو نہیں کی جائے گی۔

شرائط:۔ ۱۔ٹھیکدار/فرمز مالی طور پر مستحکم ہو اور اس کی گلگت شہر میں اپنی دکان/ورکشاپ ہو۔ ۲۔بل کی ادائیگی سامان کی مکمل ترسیل اور معائنے کے بعد کی جائیگی۔

۳۔ناقص میٹریئل کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ ۴۔ٹھیکدار/فرمز کو مرمت کے کام کو میعاد کے اندر مکمل کرنا یقینی بنانا ہوگا۔

۵۔بغیر کال ڈپازٹ ٹینڈر کوٹیشن کو منسوخ کیا جائے گا۔

۶۔ٹینڈر کوٹیشن منظور ہونے کے بعد محکمہ ھذا اور کامیاب کوٹیشن دھندگان کے مابین باقاعدہ تحریری ایگریمنٹ کی جائیگی۔

۷۔مرمت گاڑیاں وموٹر سائیکل کے تمام ریٹ بمع مزدوری دینا ہونگے۔ بعدازاں محکمہ ھذا مزدوری کے الگ ریٹ نہیں دے گا۔

۸۔ایسے تمام ٹینڈرز جو کہ مارکیٹ ریٹ سے متضاد یا غیر حقیقی ہوں۔ مسترد کردیے جائینگے۔

۹۔تمام ریٹس جولائی 2022ء سے 30 جون 2023ء تک لاگو ہونگے اور کسی صورت تبدیل نہیں ہونگے۔

۱۰۔وجہ بتائے بغیر مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر مسترد کرسکتا ہے۔

۱۱۔ Supply Order کے بعد متعلقہ سامان دس دن کے اندر اندر فراہم کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کیا جائے گا۔

۱۲۔سیریل نمبر ا کی NIT فیس مبلغ 1000 روپے اور سیریل نمبر 2 تا 5 کی NIT فیس مبلغ 500 روپے دے کر دفتر ھذا سے حاصل کرسکتے ہیں۔

۱۳۔ایسے پرزہ جات جن کا ذکر NIT میں نہ ہو ان کی ادائیگی مارکیٹ ریٹ کے 10% اضافے کے ساتھ ہوگی۔

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن ایکٹ کوآرڈینیشن)

محکمہ مقامی حکومت ودیہی ترقی سنٹرل ڈائریکٹوریٹ گلگت

Scanned with CamScanner